# NHS اسکریننگ برائے ایبڈومنل ایورٹک اینیورزم (AAA)

## ہم آپ کی ذاتی معلومات کو کیسے استعمال کرتے ہیں

## (جسے بعض اوقات ذاتی ڈیٹا بھی کہا جاتا ہے)

یہ سمجھنا آپ کے لیے ضروری ہے کہ ہم آپ کی ذاتی معلومات کو کس طرح استعمال کرتے ہیں۔ براہ کرم اس کارڈ کو غور سے پڑھیں اور اگر آپ کو کوئی سوال یا تشویش ہو تو فوراً ہمیں آگاہ کریں۔

چونکہ آپ کسی جی پی کے ساتھ رجسٹرڈ ہیں، اس لیے آپ این ایچ ایس کے انگلینڈ میں جاری پروگرام کے تحت ایبڈومنل ایورٹک اینیورزم (AAA) اسکریننگ کے حقدار ہیں۔ اگر ہماری پالیسی میں تبدیلی ہو تو اس میں مستقبل میں آپ سے دوبارہ اسکریننگ کے لیے رابطہ کرنا بھی شامل ہو سکتا ہے۔ آپ کی دیکھ بھال کے حصے کے طور پر، ہم اسکریننگ یا اس کے بعد کی تحقیقات اور علاج میں شامل NHS کے طبی ماہرین کو تفصیلات فراہم کر سکتے ہیں۔

ایک محفوظ اور مؤثر اسکریننگ سروس فراہم کرنے میں ہماری مدد کے لیے، ہم آپ اور آپ کی اسکریننگ کلینک میں کی گئی ملاقات کے بارے میں معلومات اپنے کمپیوٹر سسٹم (قومی AAA اسکریننگ سسٹم) میں ریکارڈ کرتے ہیں۔ اس معلومات میں آپ کی صحت سے متعلق سوالات کے جوابات، آپ کی ایورٹا (شہ رگ) کی تصاویر اور وہ پیمائشیں شامل ہوتی ہیں جو ہم کلینک میں ریکارڈ کرتے ہیں۔

ہم یہ کریں گے:

1. آپ اور آپ کی اسکریننگ کلینک میں ہونے والی ملاقات سے متعلق معلومات کو قومی AAA اسکریننگ سسٹم میں محفوظ رکھیں گے اور ان معلومات کو محفوظ اور مؤثر اسکریننگ کی پیشکش کے لیے استعمال کریں گے۔
2. اگر آپ میں AAA پایا جائے تو آپ کی ذاتی معلومات کو نیشنل ویسکولر رجسٹری (NVR) کے ذریعے ایک ویسکولر سرجن کے ساتھ شیئر کریں گے۔ یہ اس لیے ضروری ہے تاکہ مرد حضرات کو بروقت اور اعلیٰ معیار کا علاج فراہم کیا جا سکے اگر انہیں اس کی ضرورت ہو۔
3. ہم آپ سے یہ دریافت کریں گے کہ آیا آپ ہمیں اپنی ذاتی معلومات تحقیق کے مقاصد کے لیے استعمال کرنے کی اجازت دیتے ہیں یا نہیں ۔

اگر آپ اس اسکریننگ کی پیشکش کو قبول نہ کرنے کا انتخاب کرتے ہیں تو ہم ایک ریکارڈ رکھیں گے تاکہ یہ ظاہر کیا جا سکے کہ ہم نے آپ سے رابطہ کیا تھا، اور ہم آپ کے جی پی کو اطلاع دے سکتے ہیں کہ آپ کی اسکریننگ نہیں ہوئی۔

AAA اسکریننگ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے NHS.UK ملاحظہ کریں: www.nhs.uk/aaa

24 اپریل 2025 کو اپ ڈیٹ ہوا